14-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بتایا کہ مرکزی حکومت نے معذور افراد کی پنشن کیلئے اہلیت کے معیار میں نرمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پنشن کی رقم میں 25 فیصد اضافہ بھی کیا گیا ہے۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے اعلان کیا کہ 9 نومبر سے اندرا ماجیون بیمہ اسکیم شروع کی جارہی ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے واضح کیا ہے کہ حکمراں جماعت اور اپوزیشن کے ارکانِ اسمبلی کے حلقوں میں کسی قسم کے امتیاز کے بغیر تمام اہل غریب خاندانوں کو اندراماں مکانات فراہم کئے جائیں گے۔

اور

۴۔ علاقائی موسمیاتی مرکز کے مطابق آج تلنگانہ میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ کل اور پرسوں ریاست کے بعض مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا۔

Revanth Reddy

حیدرآباد کے ہائی ٹیکس میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے 'سما کھیہ 2026' عالمی بزنس کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وکست بھارت کے ہدف کے حصول کے لئے ریاستی حکومت مرکز کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ تلنگانہ کو تین ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنے کے مقصد سے ریاست کو تین زونوں میں تقسیم کرکے ترقی دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ قومی جی ڈی پی میں تلنگانہ کے موجودہ 5 فیصد حصہ کو مستقبل میں بڑھا کر 10 فیصد تک پہنچانا حکومت کا ہدف ہے۔

Byte: Revanth Reddy

PTC-HYD

President

صدرِ جمہوریہ ہند دروپدی مرمو آج آندھرا پردیش کے وجئے واڑہ میں واقع اندرا کیلادری، کنکا درگما مندر میں پوجا کریں گی۔ وہ شام 7 بج کر 10 منٹ پر مندر پہنچیں گی اور خصوصی پوجا میں شرکت کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ کے دورہ کے پیش نظر مندر کے حکام نے شاندار استقبال کے انتظامات کئے ہیں۔ سکیورٹی انتظامات کے تحت تقریباً آدھے گھنٹہ تک عام عقیدت مندوں کے درشن روک دئے جائیں گے۔ حکام نے عقیدت مندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس تبدیلی کو مدنظر رکھتے ہوئے تعاون کریں۔ پولیس کی جانب سے بھی وسیع پیمانے پر حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔

Desk

CM-TPCC

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے وزراء اور عوامی نمائندوں کو گریجویٹ ایم ایل سی انتخابات میں کامیابی کے لئے بھرپور محنت کرنے کی ہدایت دی ہے۔ دہلی میں وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ پر منعقدہ اجلاس میں انتخابی حکمت عملی اور ووٹروں کے اندراج کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ دسہرہ سے قبل مشترکہ اضلاع کی سطح پر اجلاس منعقد کئے جائیں۔ انہوں نے پارٹی رہنماؤں سے کہا کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ روزگار اور فلاحی اسکیموں کے بارے میں عوام کو آگاہ کیا جائے اور منڈل و دیہی سطح پر انتخابی مہم کو تیز کیا جائے۔

Desk

Seethakka

تلنگانہ کی وزیر سیتا اکا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریاست میں 7,448 کلومیٹر طویل ہام (HAM) سڑکوں کی تعمیر معیاری اصولوں کے مطابق جنگی پیمانے پر مکمل کی جائے۔ حیدرآباد میں انجینئرنگ عہدیداروں کے تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ خواتین شکتی اور آنگن

واڑی مراکز کی عمارتوں کی تعمیر 19 نومبر تک مکمل کی جائے۔انہوں نے یہ بھی ہدایت دی کہ جن مقامات پر تعمیراتی کام شروع نہیں ہوئے ہیں وہاں ان کاموں کو منسوخ کرنے کے اقدامات کئے جائیں۔

Desk

Bandaru Dattatreya

سابق گورنر بنڈارو دتاتریہ نے مشورہ دیا ہے کہ ایل نینو کے اثرات کے پیش نظر زراعت کے ساتھ ڈیری، بھیڑ بکریوں کی پرورش اور پولٹری صنعت کو بھی فروغ دیا جائے تاکہ کسان اضافی آمدنی حاصل کرسکیں۔حیدرآباد میں منعقدہ سی کرشنا راؤ میموریل سوسائٹی کے سالانہ ایوارڈس تقسیم کرنے کی تقریب میں انہوں نے شرکت کی۔اس موقع پر بہترین خدمات انجام دینے والے 22 افراد کو ایوارڈز اور طلائی تمغوں سے نوازا گیا۔

Desk

Bathukamma Celebrations

تلنگانہ کی ثقافت کی علامت بتکما تہوار ریاست بھر میں انتہائی جوش وخروش اور روایتی انداز میں منایا جارہا ہے۔تہوار کے چوتھے دن خواتین اور بچیوں نے گاؤں اور شہروں میں عقیدت واحترام کے ساتھ بتکما کی تقاریب میں حصہ لیا۔متحدہ ورنگل اور نظام آباد اضلاع میں تہوار کی رونق عروج پر رہی، جبکہ ہنمکنڈہ کے رامالائم مندر میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔اسی طرح سنگاریڈی ضلع کے ڈی آر ڈی اے دفتر میں عہدیداروں نے اور بیگم پیٹ میں ضلع سمائیکیا کے زیراہتمام خواتین نے بتکما کی تقریبات جوش وخروش سے منائیں۔

Desk

Ponguleti

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے واضح کیا ہے کہ حکمراں جماعت اور اپوزیشن کے ارکانِ اسمبلی کے حلقوں میں کسی قسم کے امتیاز کے بغیر تمام اہل غریب خاندانوں کو اندرااماں مکانات فراہم کئے جائیں گے۔ میڑچل۔ ملکاجگیری ضلع کے پوچارم میں آج وزیر ڈی سریدھر بابو، رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر، رکن اسمبلی ملا ریڈی اور رکن قانون ساز کونسل مہندر ریڈی کے ہمراہ انہوں نے اندرااماں ٹاورس کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر نے بتایا کہ ریاست بھر میں پہلے مرحلہ کے تحت ساڑھے چار لاکھ مکانات منظور کئے گئے ہیں اور ہر مکان کی تعمیر کے لئے 5 لاکھ روپے کی مالی امداد فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 2 لاکھ 20 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹاورس کے مستفیدین کو رجسٹریشن فیس کے بغیر مکمل مالکانہ حقوق فراہم کیے جائیں گے۔ حکومت کا ہدف ہے کہ اگلے بتکما تہوار تک پہلے مرحلہ کے مکانات کی تعمیر مکمل کر لی جائے۔

PTC – Medchal-Malkajgiri

Bhatti

ایل نینو کے اثرات کے باعث بجلی کی طلب میں نمایاں اضافے کے امکان کے پیش نظر نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرم ارکا نے محکمہ برقی کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ برقی کی فراہمی میں کسی بھی قسم کے تعطل سے بچنے کے لئے پیشگی اقدامات کئے جائیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے وزیر ڈی سریدھر بابو کے ہمراہ پرجا بھون میں عہدیداروں کے ساتھ اچانک ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ اس دوران انہوں نے زراعت، گھریلو صارفین اور صنعتوں کو مسلسل بجلی فراہم کرنے کی ہدایت دی۔ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر کول انڈیا سے اضافی کوئلہ خریدا جائے اور اس مقصد کے لئے فنڈس کی کوئی کمی نہیں ہونے دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی کی طلب میں اضافہ کے باوجود عوام کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں ہونا چاہئے۔

Desk

Congratulations

ریاستی وزیر سیتااکا نے سینئر خواتین ٹی20 ٹرافی کے لئے حیدرآباد کی ٹیم میں منتخب ہونے والی کھلاڑی تاٹی کرشناوینی کو مبارکباد پیش کی۔ پرجا بھون میں منعقدہ تقریب کے دوران وزیر نے کرشناوینی کو شال پیش کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ سیتااکا نے امید ظاہر کی کہ تلنگانہ کی نمائندگی کرتے ہوئے قومی سطح کے کرکٹ ٹورنمنٹ میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے والی کرشناوینی خواتین کرکٹ کے میدان میں مزید کامیابیاں حاصل کریں گی اور بلند مقام تک پہنچیں گی۔

Desk

Seethakka

ریاستی وزیر سیتااکا نے عہدیداروں سے خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ بہتر کارکردگی کے ذریعہ محکمہ کا نام روشن کریں۔ ضلع سی ای اوز اور ڈپٹی سی ای اوز ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداروں نے آج پرجا بھون میں وزیر سیتااکا سے خیرسگالی ملاقات کی۔ اس موقع پر نمائندوں نے وزیر کو تہنیت پیش کی اور اظہارِ تشکر کیا۔ وزیر سیتااکا نے کہا کہ ایل نینو کے اثرات کے باعث پیدا ہونے والے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے عہدیدار پیشگی منصوبہ بندی اور باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔ انہوں نے سرکاری اسکیموں پر عمل درآمد میں پہل کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت دی کہ عوام کو کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔

Desk

Bathukamma

حیدرآباد کے ایرامنزل میں واقع پنچایت راج انجینئرنگ دفتر کے احاطہ میں بتکما تہوار کی تقاریب شاندار انداز میں منعقد ہوئیں۔ تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے وزیر سیتااکا نے خواتین انجینئرنگ ملازمین کے ساتھ بتکما کھیلا۔ انہوں نے ملازمین کے ساتھ بتکما کے روایتی گیت بھی گائے اور پھولوں کے تہوار میں خواتین کے ساتھ گھل مل گئیں۔ وزیر کو اپنے ساتھ بتکما کھیلتے دیکھ کر خواتین انجینئروں نے خوشی کا اظہار کیا۔

Desk

Extension

تلنگانہ میں بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند بی سی اور ای بی سی طلبہ کے لئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 31 اکتوبر تک توسیع کردی گئی ہے۔ محکمہ بہبودِ پسماندہ طبقات کی کمشنر بالا مایا دیوی نے بتایا کہ مہاتما جیوتی با پھولے بی سی اوورسیز ودیا ندھی اسکیم کے تحت درخواستوں کی مدت 15 اکتوبر سے بڑھا کر 31 اکتوبر کردی گئی ہے۔ انہوں نے اہل طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ بیرونِ ملک ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ کورسس میں داخلے کے لئے آن لائن درخواستیں جمع کرائیں۔ اہلیت کی شرائط کے مطابق امیدوار کے خاندان کی سالانہ آمدنی 5 لاکھ روپے سے کم ہونی چاہئے۔ امیدوار کی عمر 35 سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔ مزید تفصیلات اور درخواستوں کے لئے طلبہ تلنگانہ ای پاس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

Desk

Weather

علاقائی موسمیاتی مرکز کے مطابق آج تلنگانہ میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ کل اور پرسوں ریاست کے بعض مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش ہوسکتی ہے۔

Press Note

Thummala

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ کل ونپرتی ضلع کے دورہ پر ہوں گے۔ ریاستی وزرا جوپلی کرشنا راؤ، واکٹی سری ہری اور ناگر کرنول کے رکن پارلیمنٹ ملوروی کے ساتھ مل کر مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ رے ولی منڈل کونکلا پلی یدولا منڈل مرکز میں گوداموں کی تعمیر اور ونپرتی پی جی کالج میں 15 کروڑ روپیوں کی لاگت سے لڑکے اور لڑکیوں کے ہاسٹل کی تعمیر کا سنگ بنیاد اور پیبر منڈل کے ایاواری پلی میں تلنگانہ ریتو وگیان کیندر کی عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

Wanaparthy

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بتایا کہ مرکزی حکومت نے معذور افراد کی پنشن کیلئے اہلیت کے معیار میں نرمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اب تک 80 فیصد معذوری رکھنے والے افراد کو ہی پنشن دی جاتی تھی لیکن نئے فیصلہ کے تحت 40 فیصد معذوری رکھنے والے افراد بھی پنشن کے اہل ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ پنشن کی رقم میں 25 فیصد اضافہ بھی کیا گیا ہے۔اس سلسلہ میں مرکزی کابینہ نے فیصلہ لیا ہے جس کی تفصیلات کشن ریڈی نے ایک پریس ریلیز میں جاری کیں۔مرکزی وزیر کے مطابق پنشن حاصل کرنے کے لئے 18 سال کی عمر مکمل ہونے تک انتظار کرنے کی شرط بھی ختم کردی گئی ہے۔اب پیدائش سے ہی معذوری کے شکار بچوں کو مالی امداد فراہم کی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ اس فیصلہ کے نتیجہ میں معذور پنشن کے مستفیدین کی تعداد 8.33 لاکھ سے بڑھ کر 27.48 لاکھ ہوجائے گی۔

Desk

Bhatti

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے آج ناگرکرنول ضلع کے امرآباد منڈل کے منانور میں 53 کروڑ 78 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے برقی سب اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا۔اس سب اسٹیشن کے قیام کا مقصد امرآباد اور اچم پیٹ علاقوں کے قبائلی اور ایجنسی دیہات میں معیاری اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے آر اینڈ بی سڑکوں کے تعمیراتی کاموں اور رائل گنڈی میں شری لکشمی چنا کیشوا سوامی مندر کے گوپورم کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے منانور میں بس شیلٹر کا افتتاح بھی کیا۔اچم پیٹ کے رکن اسمبلی ومشی کرشنا کی قیادت میں منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بھٹی وکرم ارکا نے اعلان کیا کہ 19 نومبر سے اندراما جیون بیمہ اسکیم شروع کی جارہی ہے۔

PTC - Nagarkurnool

OO